پریس ریلیز

گوجرانوالہ 31اگست 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں شہر کی ٹریفک کے حوالے سے صدر چیمبر شیخ فیصل ایوب کی صدارت میں اجلاس منعقد ہوا جس میں چیف ٹریفک آفیسر گوجرانوالہ مس عائشہ بٹ نے شرکت کی ۔جبکہ اجلاس میں سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل، نائب صدر عادل ندیم ،سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل موجود تھے ۔صدر چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ گوجرانوالہ کی خوش قسمتی ہے کہ یہاں تمام ضلعی انتظامیہ انتہائی فرض شناسی سے اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں انہوں نے سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم کی شاندار کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سی پی او گوجرانوالہ انتہائی مہارت اور دلیری کے ساتھ شہر میں کرائم کو کنٹرول کر رہے ہیں اور بزنس کمیونٹی کے مسائل حل کرنے میں ان کا کردار بھی مثالی ہے ۔ہماری خواہش ہے کہ CTO گوجرانوالہ بھی انہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اسی جذبے کے ساتھ شہریوں اور بزنس کمیونٹی کی خدمت کریں۔

CTOعائشہ بٹ نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ گوجرانوالہ میں ٹریفک کے مسائل کافی زیادہ ہیں ۔گوجرانوالہ تقریباً60لاکھ کی آبادی والا شہر ہے کم وسائل ہونے کے باوجود شہر کی ٹریفک کو کنٹرول کرنے کیلئے کوشش کی جارہی ہے انہوں نے مزید کہا کہ چیمبر کے صدر نے بزنس کمیونٹی کے جن مسائل کی طرف نشاندہی کروائی ہے یقین دلاتی ہوں چیمبر ہی کی مشاورت سے ان حل کیا جائے گا۔بزنس کمیونٹی ہمارے ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہی ہے ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے ہماری اولین ترجیحی ہے۔انہوں نے کہا کہ دونوں اداروں کے مابین میٹنگز کا تسلسل جاری رکھا جائے گا تاکہ معاملات خوش اسلوبی سے چلتے رہیں۔